**KOHAT CANTONMENT BOARD**
Khushalgarh/Rawalpindi Road, Kohat Cantt.
Website: www.cb.kohat.com E-mail: cb.kohat@gmail.com
Phone:0922-9260184 Fax:0922-9260248

No. 43/69/C.A/943. **Dated: 22nd Aug, 2024.**

To,

The Director (Admin),
Public Procurement Regulatory Authority,
1st Floor FBC Building Near State Bank,
Sector G-5/2, Islamabad.

Subject: **ADVERTISEMENT NOTICE.**

Please arrange the publication of attached 02 x auction notices on PPRA website immediately under intimation to this office.

Payment for the same shall be made on receipt of bills.

**Encl : As Above**

**(Zahid)**
Cantonment Executive Officer
Kohat Cantt

O/c Bilal
22/8

Scanned with CamScanner

# نوٹس نیلام

ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ کنٹونمنٹ بورڈ کوہاٹ اپنی ایک عدد کالج بلڈنگ (کاروباری مرکز کے عین درمیان) واقع ڈیفنس کالونی مین بنوں روڈ کوہاٹ کینٹ جو کہ، کالج اور تعلیمی سرگرمی کے لیئے انتہائی موزوں ہے اور 02 عدد دوکانات واقع کینٹ پلازہ ہنگو روڈ کوہاٹ کینٹ کے حقوق کرایہ داری ماہانہ کرایہ اور قابل واپسی سیکیورٹی کی بنیاد پر نیلام کرنا چاہتا ہے جسکی نیلامی مورخہ 10-09-2024 بوقت دن 02:00 بجے کو ہوگی۔ اگر کسی وجہ سے نیلامی وقت مقررہ پر نہ ہو سکی تو دوبارہ نیلامی مورخہ 11-09-2024 اور سہ بارہ نیلامی مورخہ 12-09-2024 بوقت دن 02:00 بجے کو ہوگی۔ کمرشل بلڈنگ اور دوکانات کی تفصیل اور شرائط وضوابط درج ذیل ہیں۔

| نمبر شمار | تفصیل بلڈنگ / دوکانات | بلڈنگ / دوکان کا سائز | رقم قابل واپسی سیکیورٹی | ریزرو پرائس ماہانہ کرایہ |
|---|---|---|---|---|
| 1 | 01 عدد کالج بلڈنگ (گراؤنڈ فلور+01) بشمول 17 عدد کمرہ جات بمعہ برآمدے +01 عدد حال+03 عدد واش روم+دوعدد لان اور گراؤنڈ | 78 مرلہ | -/72,56,000 روپے | مبلغ -/200,000 روپے |
| 2 | 01 عدد دوکان فرسٹ فلور | 132 مربع فٹ، | -/1,65,000 روپے | مبلغ 5,016 روپے |
| 3 | 01 عدد دوکان گراؤنڈ فلور | 48 مربع فٹ، | -/60,000 روپے | مبلغ 1,836 روپے |

**شرائط اور ضوابط**

1۔ ہر بولی دہندہ بولی شروع ہونے سے قبل مبلغ -/5,00,000 روپے برائے سیریل نمبر 01 اور -/100,000 روپے برائے سیریل نمبر 02 اور 03 کے لیئے برائے نیلامی بصورت کال ڈیپازٹ بنام کینٹ ایگزیکٹو آفیسر کوہاٹ بمعہ شناختی کارڈ کی کاپی جمع کروانی ہوگی۔

2۔ کامیاب بولی دہندہ قابل واپسی سیکیورٹی موقع پر جمع کروانے کا پابند ہوگا۔ بصورت دیگر زر بیعانہ ضبط تصور ہوگا۔

3۔ اگر کامیاب بولی دہندہ قابل واپسی سیکیورٹی موقع پر جمع کروانے میں ناکام رہتا ہے تو کنٹونمنٹ بورڈ دوسرے نمبر پر آنے والے کو آفر کر سکتا ہے۔ اگر وہ بھی قابل واپسی سیکیورٹی موقع پر جمع کروانے میں ناکام رہتا ہے تو اس کا بھی زر بیعانہ ضبط تصور ہوگا۔ اور بلڈنگ / دوکان کی دوبارہ نیلامی کی جائے گی۔

4۔ کامیاب بولی دہندہ مروجہ قوانین کے مطابق انکم ٹیکس جمع کرائے گا۔

5۔ حقوق کرایہ داری کی معیاد پہلے مرحلہ میں 10 سال کیلیئے ہوگی جس کی تجدید اگلے ہر 10 سال کیلیئے ہوگی اور حقوق کرایہ داری کا ٹوٹل عرصہ 30 سال ہوگا اور 30 سال کے بعد بلڈنگ / دوکان کی دوبارہ نیلامی کی جائے گی۔

6۔ حقوق کرایہ داری کی دوسرے اور تیسرے 10 سالہ عرصہ کی تجدید کے وقت کرایہ دار اپنی قابل واپسی سیکیورٹی کا مزید % 25 جمع کروانے کا پابند ہوگا۔ تاہم کرایہ دار کی طرف سے دوسرے اور تیسرے 10 سال کے عرصہ کی تجدید نہ کروانے کی صورت میں کنٹونمنٹ بورڈ حقوق کرایہ داری کا دوبارہ نیلام عام کرے گا۔

7۔ ماہانہ کرایہ میں ہر سال مارکیٹ ریٹ کے مطابق اضافہ کیا جائے گا جو کہ پچھلے کرایہ کا کم از کم % 10 ہوگا۔

8۔ کرایہ دار ماہانہ کرایہ ہر ماہ کی 10 تاریخ تک ایڈوانس جمع کروانے کا پابند ہوگا۔

9۔ کرایہ دار بلڈنگ / دوکان کو کینٹ بورڈ کی اجازت اور مقررہ فیس کی ادائیگی پر کسی دوسرے شخص کو سبلیٹ کر سکتا ہے کرایہ دار اور ذیلی کرایہ دار کے درمیان

Scanned with CamScanner

معاہدہ کرایہ داری، کرایہ دار کی طرف سے کنٹونمنٹ بورڈ کے ساتھ کیے گیئے ایگریمنٹ کی کی شرائط وضوابط کے مطابق ہوگا۔

10۔ کرایہ دار بلڈنگ/دوکان کو کینٹ بورڈ کی اجازت اور بورڈ کی مقررہ فیس کی ادائیگی پر کسی دوسرے شخص یا اشخاص کو ٹرانسفر کر سکتا ہے نیا کرایہ دار، پرانے کرایہ دار کی سکیورٹی کی رقم کے برابر اپنی سکیورٹی جمع کروانے کا پابند ہوگا جو کہ پرانے کرایہ دار کو واپس کر دی جائے گی۔

11۔ کرایہ دار تمام اسٹاف کے شناختی کارڈ کی کاپیاں اور سیکورٹی کلرئنس دفتر ہذا میں جمع کروانے کا پابند ہوگا۔ اگر مذکورہ بلڈنگ یا دوکان میں مقررہ کردہ اسٹاف کے علاوہ اگر کوئی شخص پایا گیا تو کرایہ دار کے خلاف کانونی کاروائی عمل میں لائی جائے گی۔

12۔ کرایہ دار بلڈنگ/دوکان میں اپنی ضرورت کے مطابق کنٹونمنٹ بورڈ کی اجازت سے تبدیلی کر سکتا ہے تاہم اجازت کے بغیر کوئی تبدیلی کرنے کا مجاز نہ ہوگا۔

13۔ کرایہ دار بلڈنگ/دوکان کی وائٹ واش، پینٹ، اچھی سینٹری کنڈیشن وغیرہ رکھنے کا پابند ہوگا۔ جس کو وقتاً فوقتاً کینٹ بورڈ کی اجازت سے مرمت کرنے کا پابند ہوگا۔

14۔ کامیاب بولی دہندہ محکمہ کے ساتھ اپنے خرچے پر تحریری معاہدہ کرنے کا پابند ہوگا۔

15۔ تمام بولی دہندہ گان، بجلی، ٹیلیفون، سوئی گیس وغیرہ کے کنکشن دفتر ہذا سے NOC حاصل کرنے کے بعد اپنے خرچے پر لگوا سکیں گے۔

16۔ ایسا کوئی شخص یا ادارہ جو کینٹ بورڈ کوہاٹ کا نادہندہ ہو بولی میں حصہ لینے کا مجاز نہ ہوگا۔

17۔ کینٹ ایگزیکٹو آفیسر کو یہ حق حاصل ہوگا۔ کہ PPRA Rule -33 کے تحت کوئی بھی بولی مسترد کر دے۔

18۔ یہ بولی PPRA رولز 2004 کے مطابق ہوگی۔

19۔ اشتہار ھذا PPRA کی ویب سائٹ پر بھی ملاحظہ کیا جا سکتا ہے۔

رابطہ برائے مزید معلومات: Office Tel.:0922-9260184,

المشتہر

کینٹ ایگزیکٹو آفیسر کوہاٹ کینٹ

O/C Bilal 22/8

Scanned with CamScanner